نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

زرعی سائنسدان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے بچاؤ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔چیف سائنٹیفک آفیسر ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان میکن

لاہور14جون2022:(   ) پائیدار زرعی ترقی کے لیے کاشتکاروں تک ترقی دادہ اقسام کے معیاری اور خالص بیجوں کی بروقت فراہمی بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث حالیہ ربیع و پری مون سون سیزن میں درجہ حرارت میں اضافہ اور بارشیں نہ ہونے کے باعث نہری پانی کی فراہمی میں 42 فیصد تک کمی نوٹ کی گئی ہے۔ان موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث گندم،مکئی وسبزیوں اور پھلوں کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے۔زرعی سائنسدان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے بچاؤ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں اور کاشتکاروں تک فی ایکڑ زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل نئی اقسام کے معیاری بیج متعارف کروائیں۔ان خیالات کا اظہار ملک محمد نواز خاں میکن ، چیف سائنٹیفک آفیسر ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد نے فاؤنڈیشن سیڈ سیل سے زیر اہتمام منعقدہ ایک روزہ تربیتی سیمینار کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا۔اس سیمینار میں ڈائریکٹر اگرانومی ڈاکٹر محمد موسیٰ، پرنسپل سائنٹیفک آفیسر وانچارج فاؤنڈیشن سیڈ سیل ڈاکٹر عزیز الرحمان، ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ اثمار، ملک اللہ بخش، ڈائریکٹر ریجنل زرعی ادارہ بہاولپور، ڈاکٹر محمد لال خان، ڈائریکٹر ایریڈ زون تحقیقاتی ادارہ بھکر، ڈاکٹر خالد حسین، زرعی تحقیقاتی ادارہ ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ تیلدار اجناس، ڈاکٹر فیاض الحسن، ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ سبزیات، ساجد سعید، زرعی کیمیادان ڈاکٹر عابد نیاز، ڈاکٹر اعجاز تبسم اور محمد اسحاق لاشاری سمیت زرعی سائنسدانوں، زرعی شعبہ سے وابسطہ صنعتوں کے نمائندگان اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈاکٹر محمد کاشف رشید نے فاؤنڈیشن سیڈ سیل کے قیام، اغراض و مقاصد بارے بریفینگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس دوسالہ منصوبہ کے ذریعے 2023 تک 389.062 ملین روپے سے مختلف زرعی اجناس کا 3 لاکھ 32 ہزار ٹن خالص اور معیاری بیج کے حصول کو ممکن بنایا جائے گا۔پنجاب سیڈ کارپوریشن کے علاوہ فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن سے رجسٹرڈ 22 نیشنل وملٹی نیشنل پرائیویٹ سیڈ کمپنیوں کے ذریعے کاشتکاروں تک جلد از جلد بنیادی بیج کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا جس سے فی ایکڑ فی یکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔کاشتکار طبقہ کی خوشحالی سے ملکی معیشت کو استحکام حاصل ہوگا۔اس منعقدہ سیمینار سے زرعی کیمیادان ڈاکٹر عابد نیاز نے کھادوں کے متوازن ومتناسب استعمال بارے جبکہ ماہر کپاس ڈاکٹر محمد آصف، ماہر مکئی احسن رضا، ماہر سبزیات ساجد سعید اور ماہر تیلدار اجناس ڈاکٹر فیاض الحسن نے بنیادی اور سرٹیفائیڈ بیجوں کی تیاری کے مختلف مراحل اور بیجوں کی رجسٹریشن بارے بنیادی معلومات فراہم کیں۔تقریب کے آخر میں ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ اثمار، ملک اللہ بخش نے سیمینار کے شرکا کو لیکچر دینے والے زرعی ماہرین میں شیلڈ سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔

☆☆☆☆